
© rasailojaraid.com



محمد اسرار ابن مدنی



# تعارف و تبصرہ کتب

## ● اسلامی نظام خلافت اور ہماری ذمہ داری ...... مولانا محمد زاہد اقبال

اسلام ایک جامع اور مکمل دستور حیات ہے جس میں زندگی کے ہر گوشے کی طرف واضح رہنمائی موجود ہے، اسلام کا طرز سیاست وحکومت دیگر نظامہائے حکومت سے بالکل منفرد اور اچھوتا ہے' جس کی اہمیت ،افادیت اور مرکزیت پر بہت کچھ لکھا جاچکا ہے۔زیرتبصرہ کتاب ''اسلامی نظام خلافت اور ہماری ذمہ داری قرآن وسنت کی روشنی میں'' مولانا زاہد اقبال صاحب کے رشحات قلم کا مجموعہ ہے، جس میں انہوں نے خلافت کی تعریف ، مقاصد، اصول، فرضیت، شرائط، انعقاد، حقوق واختیارات ،اطاعت ،فرائض اوراحتساب جیسے اہم موضوعات پر سیر حاصل گفتگو کی ہے۔کتاب دوحصوں پر مشتمل ہے حصہ اول میں عہد نبوی ﷺ سے عصر حاضر تک ،احیائے خلافت کے حوالے سے مسلم دنیا میں چلنے والی مختلف مذہبی، سیاسی اور اصلاحی وجہادی تحریکات کا تذکرہ کیا ہے جس میں انقلاب نبویؐ،خلافت راشدہ، امویہ، عباسیہ،عثمانیہ،سلطنت مغلیہ،تحریک شیخ الہند، جمعیۃ علماء ہند،مجلس احرار،تحریک پاکستان کے علاوہ ترکی، انڈونیشیا'سوڈان، الجزائر،مصر میں چلنے والی مختلف تحریکات کا مختصر تذکرہ کیا ہے، جبکہ حصہ دوئم میں خلافت کے حوالے سے تمام علمی اورفنی مباحث کاانتہائی جامع انداز میں احاطہ کیا ہے۔مذکورہ تمام مباحث میں تلاش ، اصل مآخذ تک رسائی اور مشکل وادق مباحث کوآسان اورسلیس پیرائے میں بیان کرنے پر مصنف کتاب لائق تحسین وتبریک ہیں، البتہ بعض مباحث کے ضمن میں مصنف کے ازخود نتائج نکالنا محل نظر ہے۔مجموعی طور پر خلافت کے حوالے سے دلچسپی رکھنے والوں کے لئے خصوصاً اور عام مسلمانوں کیلئے عموماً پڑھنے کی چیز ہے۔بہترین جلد، دیدہ زیب ٹائٹل، ۴۵۶ صفحات پر مشتمل یہ جامع کتاب ادارہ نشریات محمود حسنؒ ،رحمٰن پلازہ مچھلی منڈی اردو بازر لاہور 0301-4441805 سے ۵۵۰ روپے میں دستیاب ہے۔(مبصر: محمد اسرار ابن مدنی)

## ● وحدت رمضان وعیدین ............ مولانا مفتی غلام قادر

دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک کے مایہ ناز مدرس ومفتی استاذالحدیث مولانا مفتی غلام قادر صاحب جامعہ ہذا کے ان فرزندان میں سے ہیں جن کا زمانہ طفولیت اور زمانہ شباب دارالعلوم کے احاطہ میں مشائخ حقانیہ کے زیرسایہ گزرا ہے، اور دارالعلوم کے ہر آفتاب ومہتاب سے کسب فیض حدیث،فقہ اصلاح ظاہر وباطن کی شکل میں کیا ہے، اوراب دارالعلوم حقانیہ کے مسند حدیث اور منصب فقہ وافتاء پر بیٹھ کر اپنے بزرگان کی ان فیوض وبرکات کونشرواشاعت کررہے ہیں۔مختلف اوقات میں حضرت مفتی صاحب فقہ کے میدان میں مختلف موضوعات پر تحقیقات اہل علم کی خدمت میں

© rasailojaraid.com